خصوصی تعلیم اور بلوغت کی عمر

"بلوغت کی عمر" سے کیا مراد ہے؟

کامن ویلتھ آف ورجینیا میں، ایک طالب علم اپنی اٹھارویں (18) سالگرہ پر بلوغت کی عمر کو پہنچتا ہے

- قانون کی نظر میں، ایک بالغ فرد کے طور پر دیکھا جاتا ہے
- قانونی طور پر ووٹ ڈالنے کے قابل ہو جاتا ہے
- پابند معاہدوں میں شامل ہونے کے قابل ہوجاتا ہے

زیادہ تر حالات میں، جب ایک فرد بلوغت کی عمر کو، پہنچتا ہے تو اسکول سسٹم کی طرف سے فراہم کردہ خصوصی تعلیم کے حقوق والدین یا سرپرست سے، طالب علم کو منتقل ہوجاتے ہیں۔

بلوغت کی عمر FAQs

(اکثر پوچھے جانے والے سوالات)

اگر میں فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز میں، خصوصی تعلیمی خدمات حاصل کرنے والا ایک طالب علم ہوں تو "حقوق کی منتقلی" کیوں اہم ہے؟

آپ کی اٹھارویں سالگرہ سے کم از کم ایک سال پہلے، قانونی طور پر، ضروری ہے کہ FCPS کی طرف سے، آپ کے والدین یا سرپرستوں کو، حقوق کی منتقلی کے اس عمل کی اطلاع دے دی جائے۔ آپ کی اٹھارویں سالگرہ پر، آپ کو قانونی طور پر بالغ قرار دے دیا جاتا ہے۔ پھر آپ اپنی وکالت کرنے اور اپنے تعلیمی پروگرام سے متعلق، خود فیصلہ کرنے کے ذمہ دار ہو جاتے ہیں۔ آپ رہنمائی کے لیئے، اپنے والدین یا سرپرست پر بھروسہ کر سکتے ہیں۔ درخواست کرنے پر، آپ کے اساتذہ اور اسکول کے منتظمین آپ کو، اضافی مشورہ دینے اور مدد کے لیئے، موجود ہوتے ہیں۔

جب میں بلوغت کی عمر میں پہنچتا ہوں، تو کیا تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں؟

جب آپ بلوغت کی عمر میں پہنچتے ہیں ، تو درج ذیل تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں:

- تمام ضروری نوٹس آپ اور آپ کے والدین یا سرپرست، دونوں کو فراہم کرنے لازمی ہیں
- والدین یا سرپرست کے تمام حقوق آپ کو، منتقل ہوجائیں گے اور FCPS کے لیئے، لازمی ہے کہ وہ حقوق کی منتقلی کے بارے میں، فریقین کو اطلاع دیں
- آپ کے پاس، اپنے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کے فیصلے میں، شامل ہونے کا حق حاصل ہوتا ہے
- آپ کو، اپنے IEP پر، دستخط کرنے کا حق حاصل ہے
- اچھے تعلیمی انتخابات کرنے کی ذمہ داری اور اپنی وکالت خود کرنے میں، آپ بنیادی کردار ادا کرتے ہیں

میرے لیئے، IEP کیوں اہم ہے؟

یہ **آپ کا** IEP پروگرام ہے۔ یہ ایک قانونی دستاویز ہے، جو ان خدمات سے متعلق، معلومات فراہم کرتی ہے، جن کے لیئے، آپ ایک معذور طالب علم کے طور پر حقدار ہیں۔ انفرادی اہداف اور مقاصد سمیت، IEP آپ کی موجودہ تعلیمی کارکردگی کے بارے میں، وضاحت بیان کرتا ہے، ریاستی اور FCPS کی طرف سے کی گئی جانچ سے متعلق معلومات فراہم کرتا ہے اور آپ کے تعلیمی پروگرام کے حوالے سے، دیگر معلومات کی وضاحت کرتا ہے۔ IEP ایک ایسی دستاویز ہے، جو آپ کے والدین، اساتذہ، اسکول کے دیگر پیشہ ور ماہرین اور آپ ،بطورایک طالب علم، کے درمیان ہے، بات چیت کو یقینی بنانے کے لیئے تشکیل دی جاتی ہے۔

بلوغت کی عمر میں پہنچنے پر بھی مجھے IEP کی ضرورت کیوں ہے؟

معذور افراد کے تعلیمی ایکٹ (IDEA) کے مطابق، جو طالب علم پبلک - اسکول میں، خصوصی تعلیمی خدمات حاصل کرتا ہے اس کے لیئے، IEP پروگرام پیش کیا جاتا ہے۔ یہ دستاویز خاص طور سے، آپ کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کے لیئے، تحریر کی جاتی ہے۔

اپنی IEP ٹیم میٹنگ میں شرکت کرنے یا اپنے IEP پروگرام سے متعلق، فیصلہ کرتے وقت، مجھے کون کون سے معاملات پر، غور کرنا چاہیئے؟

ٹیم کے ارکان اور آپ کو، درج ذیل معاملات پر غور کرنا چاہیئے:

- خوبیاں
- دلچسپیاں
- وہ شعبے، جن میں بہتری کی ضرورت ہے
- کمزور شعبوں کو، بہتر بنانے کے طریقے
- تعلیمی طریقے اور ترجیحات (آپ کس طرح بہتر طور پر سیکھتے ہیں)
- عمومی تعلیم اور غیرنصابی سرگرمیوں میں شرکت
- اسائنمنٹس اور ٹیسٹوں کے لیئے، درکار سہولیات
- تعلیمی اور کیرئیر کے مقاصد
- اعلیٰ تعلیم کے منصوبے

IEP ٹیم میٹنگ کے دوران، میرا کیا کردار ہوتا ہے؟

یہ انتہائی اہم ہے کہ IEP ٹیم میٹنگ کے دوران آپ فعال طریقے سے شرکت کریں۔ آپ اپنے تعلیمی پروگرام سے متعلق، کیئے جانے والے با خبر فیصلوں میں، ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ درج ذیل عوامل کے ذریعے، آپ اس میں کامیابی حاصل کرسکتے ہیں:

- ٹیم کے ارکان کو، اپنے ذاتی مقاصد کے بارے میں، اچھی طرح سے سمجھائیں
- اپنی خوبیوں اور کمزوریوں کو، ذہن میں رکھیں
- اپنے مستقبل کے تعلیمی منصوبوں کے بارے میں، بات کریں
- اپنے مقاصد تک پہنچنے کے لیئے، ان حکمت عملیوں کی نشاندہی کریں، جو آپ کے خیال میں مددگار ثابت ہوسکتی ہیں
- مستقبل کے پسندیدہ شعبوں کے بارے میں، کھل کر اظہار کریں اور ان کے حصول سے متعلق، گفتگو کریں
- یہ بات ذہن میں رکھیں کہ آپ کے اساتذہ اور منتظمین آپ کی اعانت جاری رکھیں گے

کیا آپ تیار ہیں؟

بلوغت کی عمر سے متعلق، مزید معلومات درکار ہونے کی صورت میں، براہ مہربانی فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) کے دفتر برائے حسب قانون کارروائی اور اہلیت سے بذریعہ فون 571-423-4470 پر یا بذریعہ فیکس 571-423-4037 پررابطہ کریں۔

اگر والدین یا سرپرست اپنے بچے کی تعلیم سے متعلق، فیصلے کرنے کے عمل کو جاری رکھنے کے بارے میں، کسی تشویش کا شکار ہیں تو انہیں *Educational Representation for Adult Students* کا بروشوئر ملاحظہ کرنا چاہیئے۔

سوالات یا اضافی ذرائع کے لیئے، درج ذیل سے رابطہ کریں:

آپ کے اسکول کے روزگار اور منتقلی کے نمائندے (ETR)

آپ کے اسکول کے محکمہ برائے خصوصی تعلیم کے سربراہ

کیریئر اور عبوری خدمات
571-423-4150

حسب قانون کارروائی اور اہلیت
571-423-4470

مندرجہ بالا دفاتر سے، درج ذیل پتے پر خط و کتابت کی جا سکتی ہے:

8270 Willow Oaks Corporate Drive
Fairfax, Virginia 22031
Fairfax County Public Schools

ڈاکٹر مشیل ریڈ، سپرنٹینڈنٹ
8115 Gatehouse Road
Falls Church, Virginia 22042
571-423-1200